16جون2017ء

اسٹیٹ بینک کی نئے کرنسی نوٹوں کی سروس8877 کی عوام میں بھرپور پذیرائی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) نے عید الفطر 2017ء کے موقعے پر عوام کی نئے کرنسی نوٹوں کی طلب کو پورا کرنے کے لیے رمضان المبارک کے رواں مہینے میں بھی12 جون 2017ء سے ایس ایم ایس شارٹ کوڈ پر مبنی سروس(8877) جاری کی۔

یہ سروس پاکستان بھر میں ایس بی پی بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر اور120 شہروں میں بینکوں کی 1002 ای برانچز کے نیٹ ورک کے ذریعے مہیا کی گئی ہے۔اس سروس کو عوام کی طرف سے بھرپور پذیرائی ملی ہے۔ اسٹیٹ بینک کو عوام کو یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اب تک 1.6 ملین افراد نے بکنگ کوڈ حاصل کیا ہے جس میں سے لگ بھگ 40 فیصد کو ایکسچینج ویلیو کے عوض مذکورہ برانچوں سے نئے نوٹ مل چکے ہیں۔ صارفین کو خدمات فراہم کرنے کی بینک برانچوں کی استعداد کے پیش نظر ہمیں توقع ہے کہ یہ سروس چند روز میں اپنی زیادہ سے زیادہ حد تک پہنچ جائے گی اور اس کے بعد نئی بکنگز ممکن نہ ہوں گی۔

عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بکنگ سروس اپنی زیادہ سے زیادہ حد تک پہنچنے کے بعد بند کر دی جائے گی۔ توقع ہے کہ سروس 20 جون 2017ء کے یوم کار کے اختتام تک زیادہ سے زیادہ حد تک پہنچ جائے گی۔ چنانچہ اس کے بعد مزید بکنگ کوڈ جاری نہیں کیے جائیں گے۔ تاہم عوام میں سے جو افراد نئے کرنسی نوٹوں کے لیے بکنگ کوڈ حاصل کر چکے ہوں گے وہ جمعہ 23 جون 2017ء کے کاروباری دن کے اختتام تک نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے بشرطیکہ بکنگ کوڈ درست ہو۔

یاد رہے کہ ایس ایم ایس سروس کے علاوہ بینک اپنی برانچوں اور اے ٹی ایمز کے ذریعے بھی اپنے صارفین کو نئے نوٹوں کی فراہمی جاری رکھ سکتے ہیں کیونکہ اسٹیٹ بینک انہیں کافی تعداد میں نئے نوٹ فراہم کر رہا ہے۔

***